© rasailojaraid.com

**ماہنامہ الفاروق** | بہ اہتمام صدارت جامع فاروقیہ کراچی۔ مدیر اعلیٰ: مولانا محمد عادل خان (مع مشاورتی بورڈ)۔ پتہ: پوسٹ بکس نمبر ۱۱۰۰۹ ۔ شاہ فیصل کالونی نمبر ۴ کراچی ۲۵۔ پوسٹ کوڈ نمبر ۷۵۲۳۰ ۔ اچھا سفید کاغذ اور ٹائپ، خوبصورت ٹائیٹل۔ فی کاپی -/۱۲ روپے چندہ سالانہ: -/۱۵۰ روپے۔

اسلامی فکر و تعلیم کے مختلف پہلوؤں کے متعلق مضامین کا پیش کنندہ۔ نیوز اور ریویز کے زیر عنوان اہم اسلامی اخبارات و اطلاعات۔ "ایٹ لاسٹ" کے آخری عنوان کے تحت ایک سبق آموز واقعہ۔

---

**ماہنامہ قلم قافلہ** | مدیر اعلیٰ جناب گل بخشالوی (بہ تعاون مجلس ادارت و دیگر معاونین) پتہ: مقام کھاریاں، پوسٹ بکس نمبر ۲، ضلع گجرات۔ قیمت فی شمارہ: -/۵ روپے۔ سالانہ چندہ -/۵۰ روپے۔

گل بخشالوی صاحب کی ہمت ہے اور اردو زبان و ادب کی طاقت کہ کھاریاں جیسے مقام سے قلم قافلہ نامی رسالے نے صدیق سالک نمبر شائع کیا ہے۔ صدیق سالک (شہید) اردو ادب میں ایک ممتاز مقام حاصل کر کے رخصت ہوئے۔ نہایت قابلِ داد ہے کہ گل صاحب نے ۳۴ تحریریں سالک صاحب کی شخصیت، ان کے فن اور ان کے متعلقین پر فراہم کر دی ہیں۔

کھاریاں کے قلم قافلے نے تو منزل مار لی۔

---

**سچی باتیں (پمفلٹ)** | از مولانا عبدالماجد دریابادی مرحوم و مغفور۔ ناشر: ڈاکٹر محمد یعقوب شاہ ہومیوپیتھ ۴ E/۱۳ حسنین آباد۔ لاہور کینٹ۔ قیمت نامعلوم۔

اصل میں عنوان لمبا ہے "سیرت نبوی کی روشنی میں سچی باتیں"۔ یہ سچی باتیں ۱۶ صفحے پر پھیلی ہوئی ہیں۔ صاحب صدق کا خاص طرزِ نگارش تو آپ کے علم میں ہوگا ہی۔ ان کی تحریریں پڑھنے کو جی چاہتا ہے۔

---

© rasailojaraid.com